GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

حکومت بلوچستان

مورخہ 20.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | دنیا میں تعلیم کے ساتھ جدید مہارتوں کی افادیت بھی بڑھ رہی ہے، گورنر جعفر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، میر سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | سیاسی وسماجی کمیٹی کا اجلاس نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کے سماجی پہلوؤں پر تبادلہ خیال۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | یونیورسٹیز فنانس کمیشن کا اجلاس آپریشنل اخراجات تنخواہوں اور پنشن کا پائیدار حل تلاش کریں گے، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | چمن کے قریب ہونے والا دھماکہ قابل مذمت ہے، میر علی حسن زہری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | حرمین شریفین کی حفاظت پاکستان کے لیے باعث اعزاز ہے، نور محمد دمڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ہماری سیاست کا محور عوام کی خدمت ہے، میر محمد صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان ہمارا گھر قیام امن مشترکہ ذمہ داری ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | پاک سعودیہ معاہدہ تاریخ ساز پیش رفت مستقبل میں پاکستان مضبوط اور خوشحال ملک کے طور پر ابھرے گا، راحیلہ درانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | میونسپل سروسز کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ایف سی کی جانب سے تربت، مند دشت، خاران اور ماشکیل میں فری میڈیکل کیمپس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ایم ڈی کیٹ 2025 بلوچستان سے 10278 امیدواران رجسٹر ہوئے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | دہشتگردانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے، ثمینہ ممتاز زہری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | پاکستان کی ترقی کا راستہ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کی ترقی سے وابستہ ہے، ڈپٹی چیئرمین سینٹ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | دشمن طاقتیں امت مسلمہ کو کمزور اور منتشر کرنا چاہتی ہیں، مولانا واسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ شہر کھنڈرات اور مسائلستان میں تبدیل ہو چکا ہے، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان میں آپریشن نہیں تعلیم کے فروخت کی ضرورت ہے، حافظ نعیم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | چمن بم دھماکے میں کئی گھروں کے چراغ گل ہو گئے، اے این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

ایف ائی اے کی کاروائیاں انسانی سمگلنگ میں ملوس ایجنٹ سمیت 16 گرفتار، خضدار سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کے گھر پر دستی بم حملے سے پانچ افراد زخمی، پنجگور مسلح رہزنوں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی، تربت پہاڑی علاقے میں آپریشن جاری فتنہ الہندوستا نکے مزید چار دہشت گرد ہلاک، تربت سے چار نامعلوم لاشیں برامد عوام میں خوف وہراس، خاران دو افراد کو اغوا کرنے کے بعد گھر نظر آتش کر دیا گیا، وشت نامعلوم افراد کے فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، خروٹ آباد فائرنگ سے رکشہ ڈرائیور ہلاک، منگچر لیویز کی کارروائی اشتہاری گرفتار، سبی قومی شاہراہ پر گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی۔

## عوامی مسائل:

موسم بدلنے کی شروعات میں ہی کوئٹہ میں گیس پریشر کم ہونا شروع ہو گیا، حب کے سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی شدید کمی تالے لگا دیے گئے۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 20.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح!**". کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے گزشتہ روز صحافیوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ہم اپنے حلف کے پابند ہیں۔عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے۔اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔عوام کو ریونیو دفاتر میں درپیش مشکلات ختم کرنے کے لیے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے۔عوامی مسائل کے حل کے لیے ون ونڈو سروس سینٹرز قائم کئے جارہے ہیں تاکہ لوگ بآسانی اپنی زمینوں اور جائیدادوں کا ریکارڈ حاصل کرسکیں۔ریونیو کے نظام میں شفافیت لانا حکومت کی ترجیح ہے اور کرپشن میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ زمینوں کے تنازعات حل کرنے کے لیے خصوصی ٹریبونلز قائم کئے جارہے ہیں تاکہ عوام کو انصاف مل سکے۔ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو کا مذکورہ بیان بڑی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس وقت عوام کو اس سلسلے میں مشکلات درپیش ہیں خصوصاً زمینوں اور جائیداد کے معاملات میں بعض اوقات بڑی پیچیدگیاں پیدا کردی جاتی ہیں جس کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **افغان مہاجرین کے انخلاء کے عمل کو شفاف منظم !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کی ترقی اقصادی رابطہ کمیٹی کا مستحسن** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 | Dated: 20 SEP 2025 | Page No. 1


## دنیا میں تعلیم کے ساتھ جدید مہارتوں کی افادیت بھی بڑھ رہی ہے، گورنر جعفر مندوخیل

**سکل ڈویلپمنٹ کی جامع حکمت عملی سے ہم مقامی معیشت کو ترقی دے سکتے ہیں، خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی میں بریفنگ**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج کی تیز رفتار دنیا میں تعلیمی ڈگری کے ساتھ ساتھ جدید مہارتوں کی اہمیت اور افادیت بھی مسلسل بڑھ رہی ہیں. اس ضمن میں خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کو بیروزگار اور کم تعلیم یافتہ نوجوانوں کے جدید مہارتیں سکھانے کیلئے سکل ڈویلپمنٹ کے مختلف پروگراموں کی ایک جامع حکمت عملی وضع کریں۔ اس سے ہم مقامی معیشت کو ترقی دے سکتے ہیں اور صوبہ میں بیروزگاری کی شرح کو کافی حد تک کم کر سکتے ہیں. ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کیا. بریفنگ کے دوران وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد اور پرو-وائس چانسلر ڈاکٹر سہراب خان بزنجو بھی موجود تھے. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سرکاری یونیورسٹی میں دی جانے والی تعلیم اور ڈگری دونوں کا اس وقت زیادہ فائدہ ہوگا جب وہ اپنے زمینی حالات وحقائق کے مطابق ہوں۔ وقت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو محض کنزیومر بنے کی بجائے پروڈیوسر بنائیں۔



کوئٹہ : گورنر شیخ جعفر مندوخیل کو خضدار یونیورسٹی سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے


MASHRIQ QUETTA


## حکومت لاکھوں افراد کو روزگار فراہم نہیں کرسکتی نجی سیکٹر کو مستحکم بنانا ہوگا، گورنر

**صعنت وتجارت سے وابستہ افراد کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم تا کہ وہ بیروزگاری کے خاتمے میں کردار ادا کرسکیں، شیخ جعفر خان مندوخیل**

**خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کیلئے بیروزگار نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے کیلئے سکل ڈویلپمنٹ پروگرامز وضع کریں گے**

**وقت کا تقاضا کہ ہم اپنے نوجوانوں کو محض کنزیومر بننے کی بجائے پروڈیوسر بنائیں وی سی خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج کی تیز رفتار دنیا میں تعلیمی ڈگری کے ساتھ ساتھ جدید مہارتوں کی اہمیت اور افادیت بھی مسلسل بڑھ رہی ہے اس ضمن میں میں خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کو بیروزگار اور کم تعلیم یافتہ نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے کیلئے سکل ڈویلپمنٹ کے مختلف پروگراموں کی ایک جامع حکمت عملی وضع کریں گے اس سے ہم مقامی معیشت کو......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ترقی دے سکتے ہیں اور صوبے میں بیروزگاری کی شرح کو کافی حد تک کم کر سکتے ہیں. ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کیا. بریفنگ کے دوران وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد اور پرو-وائس چانسلر ڈاکٹر سہراب خان بزنجو بھی موجود تھے اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سرکاری یونیورسٹی میں دی جانے والی تعلیم اور ڈگری دونوں کا اس وقت زیادہ فائدہ ہوگا ج



گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے سید ظفر آغا ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | ہفتہ 26 ربیع الاول 1447ھ 20 ستمبر 2025ء | نمبر 257

Bullet No. 1

Page No. 2

# حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، سرفراز بگٹی

## صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔

# بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام، 314 طلباء و طالبات میں 53 ملین سے زائد کی تقسیم

## بیف نے 2025 کیلئے میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام برائے تعلیمی سال 2024 کی پالیسی کے تحت 314 باصلاحیت طلبا و طالبات میں مجموعی طور پر 53 اعشاریہ 21 ملین کی اسکالرشپ رقم تقسیم کی ہے۔ یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے ایک انقلابی پیش رفت ہے بلکہ ضلعی سطح پر ذہین و مستحق طلباء کے لیے روشن مواقع فراہم کرنے کی عملی مثال بھی ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے تعلیمی سال 2025 کے لیے شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی جانب سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، ارکان صوبائی اسمبلی شریک ہیں

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 26 ربیع الاول 1447ھ 20 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 75
رجسٹر BC-m-13 | Email. meshriqqta2008@gmail.com | PTCL081-28273/5 081-2827344 | قیمت 35 روپے

RI

Bullet N



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں، صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن صوبائی وزیر میر صادق عمرانی بھی موجود ہیں

# نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

## صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی عمل کو تیز اور تعلیمی بہتری کے اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے

### صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے ملاقات کی، اس موقع پر صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی موجود تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کیلئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام بنو قابل پاکستان کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر چیلنجز کا مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں بنو قابل پاکستان پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی عمل کو تیز اور تعلیمی بہتری کے اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کیا گیا ہے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس ہسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی ہسپتالوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔

# وزیراعلیٰ کی کاوشیں، 314 طلبہ میں 53.21 ملین اسکالرشپ کی رقم تقسیم

## یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے انقلابی پیش رفت بلکہ ضلعی سطح پر ذہین و مستحق طلباء کیلئے روشن مواقع فراہم کرنے کی عملی مثال بھی ہے

### یہ اسکالرشپ پروگرام صوبے کے ان ہونہار طلبا و طالبات کیلئے ہے جنہوں نے سالانہ میٹرک امتحان 2025 نمایاں نمبروں سے پاس کیا، بیف

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ نے شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈ اسکالرشپ پروگرام برائے تعلیمی سال 2024 کی پالیسی کے تحت 314 باصلاحیت طلبا و طالبات میں مجموعی طور پر 53.21 ملین کی اسکالرشپ رقم تقسیم کی ہے۔ یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے ایک انقلابی پیش رفت ہے بلکہ ضلعی سطح پر ذہین و مستحق طلباء کے لیے روشن مواقع فراہم کرنے کی عملی مثال بھی ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ نے تعلیمی سال 2025 .......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کے لئے "شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈ ڈ سکالرشپ پروگرام" کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ بیف ہمیشہ سے بلوچستان کے ہونہار طلبا و طالبات کے لئے اعلیٰ تعلیمی مواقع فراہم کرتا آرہا ہے۔ یہ اسکالرشپ پروگرام صوبہ بلوچستان کے تمام اضلاع کے ان ہونہار طلبا و طالبات کیلئے ہے جنہوں نے سالانہ میٹرک امتحان 2025 میں نمایاں نمبروں سے پاس کیا ہو اسکالرشپ کی تفصیل: 1۔مکمل ٹیوشن فیس۔ 2۔ 162000 روپے اسکالرشپ۔ طالب علم لسٹ میں اپنا نام چیک کریں اور نیچے دیئے گئے لنک سے میرٹ لسٹ اور بیف اسکالرشپ فارم ڈاون لوڈ کر کے موجودہ تعلیمی ادارے سے تصدیق کروا کے 15 اکتوبر 2025ء تک بیف آفس میں جمع کروائیں۔ نوٹ: یہ فہرست غیر حتمی ہے اگر کسی طالب علم نے زیادہ نمبر حاصل کیے ہیں اور اُن کا نام فہرست میں شامل نہیں ہے تو وہ اپنے اعتراضات 20 اکتوبر 2025ء تک جمع کروا سکتے ہیں۔

# امن دشمن عناصر کو کیفرِ کردار تک پہنچا کر دم لینگے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## چمن میں نہتے اور معصوم شہریوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ فعل ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چمن پاک افغان بارڈر کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نہتے اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسان دشمن فعل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے وزیراعلیٰ نے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہر......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرین کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی امداد کی فراہمی میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی جائے ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت امن دشمن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچا کر دم لے گی عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

# خضدار، آغا شلیل کے گھر پر دستی بم حملہ 5 افراد زخمی

## زخمیوں کو طبی امداد کے لیے خضدار ٹیچنگ اسپتال منتقل کر دیا گیا

### بزدلانہ واقعات عوام اور قیادت کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ، خضدار (جنرل رپورٹر، نامہ نگار) خضدار میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق ضلعی چیئرمین آغا شکیل درانی کے گھر......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پر دستی بم سے حملہ 3 محافظ سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو طبی امداد کے لیے خضدار ٹیچنگ اسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ وار کی تلاش شروع کر دی، دستی بم کا حملہ آغا شکیل درانی کے ڈبل روڈ پر واقع گھر پر ہوا



وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن ودیگر کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے شرکاء

CamScanner

تلخیص سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

رجسٹرڈ نمبر ایل-4

جلد نمبر 32 | ہفتہ 20/ستمبر 2025ء بمطابق 26/ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 257

Bullet No. 1

Page No. 4

وزیر اعلیٰ سے حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات

# میرٹ کریسی کے تحت ترقیاتی و عملی اقدامات آگے بڑھا رہے ہیں، سرفراز بگٹی

جماعت اسلامی کا آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" نوجوانوں کو قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کیلئے تیار کرنے میں معاون ثابت ہوگا

3 ہزار سے زائد سکول فعال کردیے، 485 کمیونٹی تعلیمی ادارے قائم، چار دیہی ہسپتالوں کو اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات سے آراستہ کردیا، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کرسکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جاچکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جارہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کردیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جارہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرام کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہوچکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر جماعت اسلامی کے امیر اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا جس میں جماعت اسلامی کی صوبائی قیادت کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی وزراء، مشیر، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔

## شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ سکالرشپ پروگرام کا اعلان

میٹرک نمایاں نمبروں سے پاس کیا ہو اقدام صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے انقلابی پیشرفت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام برائے تعلیمی سال 2024 کی پالیسی کے تحت 314 باصلاحیت طلباء و طالبات میں مجموعی طور پر 53.21 ملین کی اسکالرشپ رقم تقسیم کی۔ یہ اقدام نہ صرف صوبے میں تعلیم کے فروغ کیلئے انقلابی پیشرفت بلکہ ضلعی سطح

بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

پر ذہین و مستحق طلباء کے لئے روشن مواقع فراہم کرنے کی عملی مثال بھی ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ نے تعلیمی سال 2025 کے لئے شہید بینظیر بھٹو میٹرک ڈسٹرکٹ ٹاپرز فلی فنڈڈ سکالرشپ پروگرام کا باضابطہ اعلان کردیا ہے۔ بیف ہمیشہ سے بلوچستان کے ہونہار طلباء و طالبات کے لئے اعلیٰ تعلیمی مواقع فراہم کرتا آرہا ہے۔ اسکالرشپ پروگرام بلوچستان کے تمام اضلاع کے ان ہونہار طلباء و طالبات کے لئے ہے جنہوں نے سالانہ میٹرک امتحان 2025 میں نمایاں نمبروں سے پاس کیا ہو۔



کوئٹہ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان ملاقات کررہے ہیں

CamScanner

حلومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
سپیشل ایڈیشن
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 276 | ہفتہ، 26 ربیع الاول، 20 ستمبر 2025ء صفحات 8 قیمت 40 روپے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں
صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی بھی موجود ہیں

# نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں، وزیراعلیٰ

## صوبے بھر میں میریٹوکریسی کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے، میر سرفراز بگٹی

## یوتھ اسکلز پروگرام شروع کیا، 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل میرٹ پر کی گئی ہے، حافظ نعیم الرحمان سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے ملاقات کی جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی ترجیح پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کرسکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے، جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کیلئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند سکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کیمونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر جماعت اسلامی کے امیر اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا جس میں جماعت اسلامی کی صوبائی قیادت کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔

# آغا شکیل درانی کے گھر پر دستی بم حملہ، وزیراعلیٰ کی مذمت

## دھماکے سے تین محافظوں سمیت 8 افراد زخمی، مقامی انتظامیہ نے ہسپتال منتقل کر دیا

## دہشتگردانہ واقعات سے حوصلے پست نہیں ہونگے، سرفراز بگٹی کا تحقیقات کا حکم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خضدار میں نامعلوم افراد کا پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل درانی کے گھر پر پھینکا جانے والا دستی بم گھر کے صحن میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹنے سے 3 محافظوں سمیت 8 افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق جمعہ کی شب خضدار میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے پیپلز پارٹی کے رہنما سابق چیئرمین آغا شکیل درانی کی رہائشگاہ پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے جو گھر میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں 3 محافظ جلیل احمد، نذیر احمد، عبدالودود اور حفیظ، ثناء اللہ، منیر احمد، آصف، شبیر احمد زخمی ہو گئے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

موقع پر پہنچ گئی علاقے کے گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خضدار میں پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل درانی کی رہائشگاہ پر دستی بم حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے افسوسناک اور بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایسے دہشت گردانہ واقعات عوام اور سیاسی قیادت کے حوصلے پست نہیں کر سکتے انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لئے نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اس مشکل گھڑی میں متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور تشدد کے ایسے ہتھکنڈے صوبے میں امن و امان کے قیام اور جمہوری اقدار کے فروغ کے حکومتی عزم کو کمزور نہیں کر سکتے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن دشمن عناصر کے خلاف سخت اقدامات جاری رہیں گے اور کسی کو بھی عوام کے جان و مال سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA
نظامت اعلی
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 6

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 ہفتہ 20 ستمبر 2025ء بمطابق 26 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 256

# صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیراعلیٰ

## بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے، میر سرفراز بگٹی

## صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں "بنو قابل" پروگرام کے تحت صوبے میں 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، حافظ نعیم الرحمان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی وتعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر جماعت اسلامی کے امیر اور ان کے رفقا کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا جس میں جماعت اسلامی کی صوبائی قیادت کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی وزرا، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے حافظ نعیم الرحمان اور انکے رفقاء کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے شرکاء



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان ملاقات کر رہے ہیں

حکومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلیٰ
حکومت


روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | ہفتہ 20 ستمبر 2025ء، 26 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 19


Bullet No. 1 Page No. 7

# بلوچستان میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے، سرفراز بگٹی

نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے، صوبے میں "میرٹ کریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے

**محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی، جماعت اسلامی کے امیر سے گفتگو۔ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں، نعیم الرحمن**

کوئٹہ (ن ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے (بقیہ 6 صفحہ 2 پر)

(بقیہ 6 صفحہ 2 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن ملاقات کر رہے ہیں، صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، میر صادق عمرانی بھی موجود ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی شریک ہیں

کے نوجوانوں کی ملی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میرٹ کریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹر ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر جماعت اسلامی کے امیر اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا جس میں جماعت اسلامی کی صوبائی قیادت کے ساتھ بلوچستان کے صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی نے بھی شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 8

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر-24 | ہفتہ 20 ستمبر 2025ء بمطابق 26 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-256

# حافظ نعیم کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات، صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، سرفراز بگٹی

**"بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے**

صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کردیئے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

**بنو قابل پاکستان پروگرام کے تحت اب تک بلوچستان کے 12 ہزار نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبے کے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بے حد پرجوش ہیں حافظ نعیم الرحمن**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور موثر اقدامات اختیار کر رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیچ سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیچ کی تربیت جاری ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کردیئے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار ریجنل اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے

## آغا شکیل درانی کے گھر پر بم حملہ افسوسناک اور بزدلانہ کارروائی ہے، سرفراز بگٹی

**ایسے واقعات عوام اور قیادت کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خضدار میں پیپلز پارٹی کے رہنما آغا شکیل درانی کی رہائشگاہ پر دستی بم حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے (بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 2 پر)

افسوسناک اور بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایسے دہشت گردانہ واقعات عوام اور سیاسی قیادت کے حوصلے پست نہیں کر سکتے انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اس مشکل گھڑی میں متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ واقعے کی فوری تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور تشدد کے ایسے ہتھکنڈے صوبے میں امن و امان کے قیام اور جمہوری اقدار کے فروغ کے حکومتی عزم کو کمزور نہیں کر سکتے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن دشمن عناصر کے خلاف سخت اقدامات جاری رہیں گے اور کسی کو بھی عوام کے جان و مال سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن ملاقات کر رہے ہیں

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 9

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | ہفتہ 20 ستمبر 2025ء، 26 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 257

# صوبے میں میرٹ کو بنیاد بنا کر ترقیاتی عمل کو آگے بڑھایا جا رہا ہے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیج سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کی ترقی اور قومی دھارے میں برابری کے مواقع وقت کی ضرورت ہیں جماعت اسلامی اس سلسلے میں وفاقی سطح پر اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی، حافظ نعیم

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے ملاقات کی، جس میں صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی بھی شریک تھے ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور مجموعی صورتحال کے ساتھ ساتھ صوبے کے نوجوانوں کی فنی و تعلیمی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی جدید تربیت دینے کے لئے جامع اقدامات پر اتفاق رائے کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ٹی تربیتی پروگرام "بنو قابل پاکستان" کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے امیر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لئے عملی اور مؤثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ وہ قومی و عالمی سطح پر مقابلہ کر سکیں ان اقدامات میں "بنو قابل پاکستان" پروگرام معاون ثابت ہوگا انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں "یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام" کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت نوجوانوں کا پہلا بیج سعودی عرب بھجوایا جا چکا ہے جبکہ جرمنی کے لئے دوسرے بیج کی تربیت جاری ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں "میریٹوکریسی" کو بنیاد بنا کر ترقیاتی و تعلیمی اقدامات کو آگے بڑھایا جا رہا ہے اسی پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 16 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل طور پر میرٹ پر کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران 3200 بند اسکول فعال کر دیے گئے جبکہ صرف دو ماہ میں 485 نئے کمیونٹی اسکول قائم کیے گئے ہیں صحت کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں، انڈس اسپتال کے تعاون سے صوبے کے چار دیہی اسپتالوں کو "اسٹیٹ آف دی آرٹ" سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے بعض علاقوں میں قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر طبی سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل ہے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے بلوچستان حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ نوجوانوں کے لئے آئی ٹی پروگرامز کو مزید وسعت دینے کے لئے ہر تعاون کے لئے تیار ہیں۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن اور ان کے رفقاء کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین صوبائی اسمبلی شریک ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 SEP 2025 Page No. 10


یونیورسٹیز فنانس کمیشن کا اجلاس

## آپریشنل اخراجات، تنخواہوں اور پنشن کا پائیدار حل تلاش کریں گے، شعیب نوشیروانی

**وزیر خزانہ جو پالیسی وضع کریں گے ہم سب اس پر متفق ہوں گے، تمام یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کی رضامندی**

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین یونیورسٹیز فنانس کمیشن صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی وکو چیئرمین صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان کے زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری ایجوکیشن صالح محمد بلوچ، ایڈیشنل سیکریٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور صوبے کے تمام جامعات کے وائس چانسلرز نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت تعلیم کی فروغ کو اولیت دیتے ہیں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے مالی مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ہماری کوشش ہیکہ ان مسائل کا دیرپا حل نکالا جائے تاکہ یہ تعلیمی ادارے یکسوئی سے اپنے فرائض ادا کرسکیں۔ انہوں نے شرکاء سے کہا کہ کافی حد تک تنخواہوں کی ادائیگی کا مسئلہ حل ہو چکا ہے پنشن سمیت دیگر مسائل حل کرنے کیلئے ہماری کاوشیں جاری ہیں۔ جامعات کے آپریشنل اخراجات پر بحث ہوئی تو اس موقع پر صوبے کے تمام جامعات کے آپریشنل اخراجات کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز نے متفقہ طور پر رضامند ہو گئے کہ وزیر خزانہ جو پالیسی وضع کریں گے ہم سب اس پر متفق ہوں گے۔

## حرمین شریفین کی حفاظت پاکستان کے لئے باعثِ اعزاز ہے، نور محمد دمڑ

**دونوں ملکوں کے درمیان معاہدے سے خطے میں امن واستحکام کو تقویت ملے گی، صوبائی وزیر**

**چمن میں دھماکہ قابل مذمت، دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کبھی پست نہیں کر سکتے، بیان**

کوئٹہ/ہرنائی (خ ن/نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی حفاظت پاکستان کے لئے باعثِ اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حالیہ اسٹریٹجک معاہدہ نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ پوری قوم کے لئے فخر کا باعث بھی ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات اسلامی دنیا میں ایک مثالی حیثیت رکھتے ہیں اور جبکہ اسٹریٹجک تعاون سے دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے اور خطے میں امن واستحکام کو تقویت ملے گی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ پاکستان کی عوام سعودی عرب کو نہ صرف ایک قریبی دوست ملک سمجھتے ہیں بلکہ حرمین شریفین کی بدولت ایک روحانی رشتہ بھی جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے پاکستان کی معیشت، دفاع اور خارجہ پالیسی کے نئے دور کا آغاز ہوگا اور دونوں ممالک کے تعلقات مزید وسعت اختیار کریں گے۔ دریں اثناء ہرنائی سے نامہ نگار کے مطابق صوبائی وزیر خوراک نے پاک افغان بارڈر کے سرحدی شہر چمن کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کبھی پست نہیں کر سکتے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے جلد از جلد دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے شہداء کی مغفرت، لواحقین کے لئے صبر وجمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

## سیاسی وسماجی کمیٹی کا اجلاس، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کے سماجی پہلوؤں پر تبادلہ خیال

**سیکورٹی آرکیٹیکچر، سوشل میڈیا پر انتشار پھیلانے والے مواد کے تدارک پر تفصیلی غور کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت سماجی وسیاسی کمیٹی کا پہلا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، سیکریٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرؤف بلوچ، ایڈیشنل سیکریٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کے سماجی پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اپیکس کمیٹی کے منظور شدہ نکات کا جامع جائزہ لیا گیا اور مختلف اہم امور زیر غور لائے گئے۔ اجلاس کے دوران جن نکات پر خصوصی توجہ دی گئی ان میں سیکیورٹی آرکیٹیکچر، سماجی طور پر لوگوں کا سوشل میڈیا پر انتشار پھیلانے والے مواد کا تدارک۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ سماجی وسیاسی کمیٹی کا قیام بلوچستان میں پائیدار امن، استحکام اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک اہم اقدام ہے، جو مقامی سطح پر حکومتی اقدامات کو موثر اور مربوط بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

## چمن کے قریب ہونیوالا دھماکہ قابل مذمت ہے، میر علی حسن زہری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر برائے زراعت وکوآپریٹیوز بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان میر علی حسن زہری نے پاک افغان بارڈر کے سرحدی شہر چمن کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کبھی پست نہیں کر سکتے قانون نافذ کرنے والے ادارے جلد از جلد دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں گے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے میر علی حسن زہری نے جاں بحق افراد کی مغفرت، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔


MASHRIQ QUETTA


## ہماری سیاست کا محور عوام کی خدمت ہے، میر محمد صادق عمرانی

**سیاست کو ذاتی مفاد یا اقتدار کا ذریعہ نہیں بلکہ عوامی خدمت کا راستہ سمجھتے ہیں**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق خان عمرانی نے کہا ہے کہ سیاست کو ذاتی مفاد یا اقتدار کا ذریعہ نہیں بلکہ عوامی خدمت کا راستہ سمجھتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ ان کا ہر قدم عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے لیے اٹھتا ہے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ میری طاقت نصیر آباد کی عوام ہیں، عاجزی میرا سب سے بڑا زیور ہے، خدمت میری سیاست کی پہچان ہے۔" انہوں نے کہا کہ ان کی سیاست کا مرکز ومحور صرف اور صرف عوام کی خدمت ہے۔ وہ ہر لمحہ اس سوچ کے ساتھ کام کر رہے ہیں کہ عوام کی زندگی آسان بنائی جائے، نوجوانوں کو روزگار، کاشتکاروں کو پانی، مریضوں کو علاج اور بچوں کو تعلیم میسر آئے۔ میر صادق عمرانی نے کہا کہ میں مانتا ہوں کہ عوام کی خوشحالی ہی میری اصل کامیابی ہے، اور خدمت کا یہ سفر میرے لیے اقتدار نہیں بلکہ عبادت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ عوام کے درمیان بیٹھ کر ان کے مسائل سنتے ہیں، ان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ عوام کا اعتماد ان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے

## بلوچستان ہمارا گھر، قیام امن مشترکہ ذمہ داری ہے، بخت محمد کاکڑ

**صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہم سب کو ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے یہاں امن امان کو خراب کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہم سب نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا حلقہ انتخاب کے عوام نے جس مقصد کیلئے ہمیں منتخب کیا ہے اس کے اعتماد کو......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کبھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں عوام کی سہولیات کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے' یہ بات انہوں نے گزشتہ روز مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں ترقیاتی کام جاری ہیں صوبے کے بیشتر اضلاع میں جتنے بھی ترقیاتی کام ہے اس پر کام جاری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کا ویژن ہے کہ بلوچستان کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں صحت کی سہولیات کے ساتھ ساتھ صوبے کی ترقیاتی منصوبوں پر بھی خصوصی توجہ مرکوز ہے اور میر سرفراز بگٹی کا واضح ہے ہدایت ہے


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 20 SEP 2025 Page No. 11


پاک سعودیہ معاہدہ تاریخ ساز پیشرفت

## مستقبل میں پاکستان مضبوط اور خوشحال ملک کے طور پر ابھرے گا، راحیلہ درانی

دنیا پاکستان کی جغرافیائی وعسکری اہمیت کو سمجھ گئی، سعودی عرب میں وزیراعظم شہباز شریف کا تاریخی استقبال عالمی سطح پر احترام وعزت کی علامت ہے

تاریخی کامیابی میں وزیراعظم کی سیاسی بصیرت اور فیلڈ مارشل کی بہترین عسکری قیادت کا کلیدی کردار ہے، معاہدے پر بھارت پریشان ہے، وزیر تعلیم

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے تاریخی دفاعی معاہدے کو ملک وقوم کیلئے عظیم فتح اور تاریخ ساز پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا بالآخر پاکستان کی جغرافیائی وعسکری اہمیت کو سمجھ گئی۔ بیان میں انہوں نے کہا کہ عرب دنیا کا پاک فوج کی شاندار پیشہ ورانہ مہارت، صلاحیت اور جرأت کا اعتراف اس معاہدے کی بنیاد ہے۔ سعودی عرب میں پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کا جو تاریخی، پرتپاک اور شاندار استقبال کیا گیا

بقیہ نمبر69 صفحہ 5 پر

وہ درحقیقت پاکستانی عوام، افواج اور اس کے قائدین کے لئے عالمی سطح پر احترام وعزت کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دلچسپ اور قابل فکر امر ہے کہ جہاں پوری عالمی برادری اور بالخصوص اسلامی دنیا پاکستان کی اس بلند مقام پر پہنچنے پر خوشی و اطمینان کا اظہار کررہی ہے، وہیں دشمن ممالک بالخصوص بھارت کی پریشانیوں اور اضطراب میں اضافہ ہوا ہے۔ اس کی اس پریشانی کی وجہ یہ ہے کہ معرکہ حق کے بعد عالمی دنیا میں پاکستان کا وقار بلند ہوا اور اسے وہ پذیرائی ملی ہے جس کا یہ حق دار ہے۔

CamScanner

## میونسپل سروسز کی فراہمی بہتر بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، چیف سیکرٹری

**ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں جدید مشینری خریدی جائیگی، شکیل قادر خان کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ میونسپل سروسز کی فراہمی کو حکومتوں اور انتظامی اداروں کی اولین ترجیح سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ عوام کی زندگی کے معیار کو براہ راست متاثر کرتے ہیں۔ مختلف اضلاع میں خدمات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں جن میں صفائی، پانی کی فراہمی، سیوریج لائنز کی تنصیب، گلیوں کی صفائی، کچرا اٹھانا اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہیں۔ اس کے لئے ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں جدید مشینری خریدی جائیگی یہ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز کی فراہمی کی اولین ترجیح کے حوالے سے اقدامات صفائی، نکاسی آب، اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی پر خاص توجہ دی جارہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے یورپی یونین کی ٹیم برائے آبی وسائل پروگرام ملاقات کر رہی ہے

INTEKHAB QUETTA

# میونسپل سروسز کی فراہمی حکومت اور انتظامی اداروں کی اولین ترجیح ہے

چیف سیکرٹری

## مختلف اضلاع میں خدمات کی بہتری کیلئے عملی اقدامات جاری' صفائی' پانی کی فراہمی' سیوریج لائنز کی تنصیب ودیگر منصوبے شامل ہیں

**ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں جدید مشینری خریدی جائیگی' علاقائی ترقی اور شہری سہولیات کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے' شکیل قادر**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ میونسپل سروسز کی فراہمی کو حکومتوں اور انتظامی اداروں کی اولین ترجیح سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ عوام کی زندگی کے معیار کو براہ راست متاثر کرتے ہیں۔ مختلف اضلاع میں خدمات کی بہتری کے لئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں جن میں صفائی، پانی کی فراہمی، سیوریج لائنز کی تنصیب، گلیوں کی صفائی، کچرا اٹھانا اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہیں۔ اس کے لئے ڈویژنل ہیڈکوارٹرز

بقیہ نمبر34 صفحہ 5 پر

میں جدید مشینری خریدی جائیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل سروسز کی فراہمی کی اولین ترجیح کے حوالے سے اقدامات صفائی، نکاسی آب اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی پر خاص توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی ترقی اور شہری سہولیات کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے، جس سے عوام کو مزید بہتر ماحول کی فراہمی ممکن ہو سکے گا۔ صفائی کے لئے انہیں جدید آلات فراہم کرنا بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں صاف ستھرا ماحول قائم رہ سکے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ حکومت کے ان عملی اقدامات اور کوششوں کی بدولت میونسپل سروسز کی فراہمی کو اولین ترجیح دے کر عوام کو بہتر زندگی فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جو صوبے کے ترقیاتی اہداف میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 20 SEP 2025 Page No. 13

# میٹر ریڈنگ کے بغیر K الیکٹرک کو 10 اور کیسکو کو 30 ارب کی ادائیگی کھلی بے ضابطگی PAC

## کیسکو نے بجلی پر 9 ارب 89 کروڑ روپے ڈیوٹی وصول کی مگر حکومت بلوچستان کو اس کا حصہ ادا نہیں کیا، ایک ماہ میں وصولی کی جائے، ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا محکمہ توانائی کی جانب سے کے الیکٹرک کو 10 ارب روپے اور کیسکو کو 30 ارب روپے بغیر میٹر ریڈنگ کے ادائیگی کھلی بے ضابطگی قرار، محکمہ توانائی کی جانب سے 2 ارب 31 کروڑ روپے کی خطیر رقم استعمال نہ کرنے پر اظہار تشویش، کیسکو کی جانب سے 9 ارب 89 کروڑ روپے بجلی ڈیوٹی وصول اور حکومت بلوچستان کو اس کا حصہ ادا نہ کرنے پر سخت ردعمل، ایک ماہ کے اندر ریکوری کی جائے بصورت دیگر ذمہ دار افسران کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت ہوا، جس میں محکمہ توانائی کے بجٹ، اخراجات اور بے قاعدگیوں پر سخت سوالات اٹھائے گئے۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین فضل قادر مندوخیل، ولی محمد نورزئی، رحمت صالح بلوچ اور صفیہ بی بی جبکہ خصوصی دعوت پر اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے شرکت کی، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈی جی آڈٹ شجاع علی، ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل حافظ نور الحق، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں انکشاف ہوا کہ مالی سال 22-2021 کے دوران محکمہ توانائی کو 10 ارب 40 کروڑ روپے کے فنڈز ملے مگر 8 ارب روپے خرچ اور 2 ارب 31 کروڑ روپے کی خطیر رقم واپس چلی گئی، اراکین نے کہا کہ اتنی بڑی رقم استعمال میں نہ لانا محکمہ کی غیر ذمہ دارانہ بجٹ سازی اور فنڈز کے غیر موثر استعمال کو ظاہر کرتی ہے۔ کمیٹی کے رکن ولی محمد نورزئی نے کہا یہ بہانہ قابل قبول نہیں کہ محکمہ میں اسامیاں پر نہیں جسکی وجہ سے یہ بچت ہوئی، 30 فیصد فنڈز کا ضائع ہونا بہت بڑا جرم ہے۔ کمیٹی رکن فضل قادر مندوخیل نے کہا کہ ذمہ داروں کو ہر حال میں سزا ملے گی۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ چیف سیکرٹری کو خط لکھا جائے گا کہ آئندہ کوئی سیکرٹری 5 فیصد بجٹ سے زائد یا بچت بروقت محکمہ خزانہ کو واپس نہیں کرکے لیپس کریگا تو اسے سخت سزا دی جائے۔ اجلاس میں انکشاف ہوا کہ محکمہ توانائی نے کے الیکٹرک کو 10 ارب روپے اور کیسکو کو 30 ارب روپے ادائیگی کی مگر یہ ادائیگی بغیر میٹر ریڈنگ کے صرف اندازوں پر کی گئی۔

# پاکستان کی ترقی کا راستہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی ترقی سے وابستہ ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

## ن لیگ کی مرکزی قیادت نے بلوچستان کے کارکنوں کی مایوسی کو ختم کرنے کا آغاز کردیا ہے، بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملک اور بلوچستان کی سب سے بڑی پارلیمانی جماعت ہے پارٹی قیادت کا پختہ یقین ہے کہ پاکستان کی ترقی کا راستہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کی ترقی سے منسلک ہے میاں محمد نواز شریف، وزیر اعظم شہباز شریف اور مریم نواز سمیت پارٹی کی مرکزی قیادت نے بلوچستان کے کارکنوں کی مایوسی کو ختم کرنے کا آغاز کردیا ہے بلوچستان کو دہشت گردی، بے روزگاری، سرحدی علاقوں کی بندش جیسے مسائل سے نجات دلائیں گے، بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے سیاسی مکالمہ ضروری ہے جذباتی نعروں سے بلوچستان کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں اور کارکنوں کے وفود سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ قائم مقام چیئرمین سینٹ نے کہا کہ پارٹی قیادت میاں محمد نواز شریف، میاں محمد شہباز شریف اور مریم نواز سمیت تمام رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں فعال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج پارٹی کو بلوچستان، وفاق اور پنجاب میں جو مقام ملا ہے وہ مخلص کارکنوں، رہنماؤں کی جدوجہد کا نتیجہ ہے پارٹی قیادت نے اس بات کا عزم کیا ہے کہ کارکنوں کے مسائل کا حل اپنی ذمہ داری سمجھ کر کیا جائے گا۔

# FC کیجانب سے تربت، مند، دشت، خاران اور ماشکیل میں فری میڈیکل کیمپس

تربت (پ ر) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے جذبے کے تحت تربت، مند، دشت، خاران اور ماشکیل کے دور افتادہ اور پسماندہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا۔ ان میڈیکل کیمپس میں ماہر ڈاکٹرز اور تربیت یافتہ پیرامیڈیکل اسٹاف نے بڑی تعداد میں مریضوں کا معائنہ کیا۔ مرد، خواتین اور بچوں کو نہ صرف مفت طبی معائنہ فراہم کیا گیا بلکہ ان کی بیماریوں کے مطابق ادویات بھی دی گئیں۔ خاص طور پر بچوں اور خواتین کے امراض پر خصوصی توجہ دی گئی تاکہ صحت کے بنیادی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جا سکے۔ ایف سی حکام کے مطابق ان میڈیکل کیمپس کا مقصد صوبے کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات پہنچانا اور صحت عامہ کے حوالے سے درپیش مشکلات کو کم کرنا ہے۔

# ایم ڈی کیٹ 2025، بلوچستان سے 10,278 امیدوار رجسٹر ہوئے

## امتحان 26 اکتوبر کو ملک بھر اور بین الاقوامی مرکز ریاض سعودی عرب میں منعقد کیا جائے گا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایم ڈی کیٹ 2025 کے لیے ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد امیدواروں نے رجسٹریشن کرالی، ٹیسٹ 26 اکتوبر کو ہوگا پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے مطابق میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ کے لیے ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد امیدواروں نے رجسٹریشن کرالی ہے یہ امتحان ملک بھر میں اور بین الاقوامی مرکز ریاض (سعودی عرب) میں منعقد کیا جائے گا۔ قبل ازیں ایم ڈی کیٹ امتحان 5 اکتوبر 2025 کو ہونا تھا تاہم سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے طلبہ کو درپیش مشکلات کے پیش نظر امتحان کی تاریخ بڑھا کر اب 26 اکتوبر مقرر کی گئی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# دہشتگردانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے، ثمینہ ممتاز زہری

## ادارے چمن دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے کٹہرے میں کھڑا کریں

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری، چیئرپرسن سینیٹ فنکشنل کمیٹی برائے انسانی حقوق نے پاک افغان بارڈر کے سرحدی شہر چمن کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے کبھی پست نہیں کر سکتے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے .......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

جلد از جلد دھماکے میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، لواحقین کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

CamScanner

## کوئٹہ شہر کھنڈرات اور مسائلستان میں تبدیل ہو چکا ہے، پشتونخوا میپ

**عوام لوڈشیڈنگ، گیس کی بندش، پریشر کی کمی، پانی کی قلت، صفائی کے ناقص نظام جیسے مسائل سے دوچار ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کھنڈرات اور مسائلستان میں تبدیل ہو چکا ہے، بلدیاتی اداروں کی عدم فعالیت سے نچلی سطح پر عوام کے مسائل حل نہیں ہو رہے، کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں تاخیری حربے دراصل کرپشن و کمیشن کو دوام دینا ہے۔

### دھماکہ چمن شہر میں خوف وہراس کا باعث بنا، دہشتگردی قابل مذمت ہے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں چمن ٹیکسی اسٹینڈ میں بم دھماکہ اور 6 افراد کی ہلاکت و زخمی ہونے کے دہشت گردانہ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں سے فوری تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ دہشت گردانہ واقعہ چمن شہر میں خوف وہراس کا باعث بنا ہے کیونکہ ٹیکسی سٹینڈ پر ہونیوالا دھماکہ کسی بڑے حادثے کا باعث بھی بن سکتا تھا۔ حکومت اس واقعہ کی شفاف تحقیقات اور ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے قانون کے کٹہرے میں لانے کے لئے اپنی ذمہ داریوں پوری اور امن وامان کے قیام کے لیے اقدامات اٹھائے۔

## دشمن طاقتیں امتِ مسلمہ کو کمزور اور منتشر کرنا چاہتی ہیں، مولانا واسع

**گریٹر اسرائیل کا منصوبہ ناکام بنانے کیلئے مسلمانوں کا اتحاد ناگزیر ہو چکا، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جے یو آئی کے منشور کے مطابق اور قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کی متعدد مرتبہ اس بات پر زور دینے کے بعد یہ حقیقت سب پر واضح ہو چکی ہے کہ مسلمانوں کا اتحاد اب ناگزیر ہو چکا ہے۔ آج کے حالات، بالخصوص گریٹر اسرائیل جیسے مذموم منصوبے، فلسطین اور کشمیر کے مظلوم عوام پر جاری مظالم، مشرق وسطیٰ کے ممالک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں اور قطر پر اسرائیلی جارحیت اس بات کا کھلا ثبوت ہیں کہ دشمن طاقتیں امتِ مسلمہ کو کمزور اور منتشر کرنے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والا حالیہ معاہدہ امتِ مسلمہ کو یکجا کرنے کی جانب ایک فیصلہ کن قدم ہے، جسے ہم پرزور خیر مقدم کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ نہ صرف عالم اسلام کے مشترکہ دفاعی محاذ کی بنیاد ہے بلکہ مستقبل میں ایک ناقابلِ تسخیر اسلامی دفاعی اتحاد کی شکل اختیار کرنے کی قوی امید بھی رکھتا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ اتحاد وقت کے ساتھ وسعت اختیار کرے گا اور امتِ مسلمہ کو درپیش ہر چیلنج کے مقابلے میں ڈھال ثابت ہوگا۔

## بلوچستان میں آپریشن نہیں، تعلیم کے فروغ کی ضرورت ہے، حافظ نعیم

**لاہور اجتماع عام میں نوجوانوں کا مقدمہ لڑینگے، معیاری اور مفت تعلیم کیلئے آواز بلند کی جائیگی**

### دنیا میں ایک طرف امریکی سرپرستی میں ظالم طاقتیں، دوسری جانب فلسطین کا مظلوم طبقہ ہے، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کسی آپریشن کی نہیں بلکہ تعلیم کے فروغ کی ضرورت ہے، یہ پاکستان کسی کا نہیں بلکہ نوجوانوں کا ہے اور نوجوان ملک کو آگے لے کر جائیں گے، 23،2122 ستمبر کو لاہور میں مینار پاکستان پر اجتماع عام منعقد کریں گے جس میں صوبے کے نوجوانوں کا مقدمہ لڑیں گے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں صرف ہمارے 12 ایم پی ایز فارم 45 والے ہیں، یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ کے ایوب اسٹیڈیم میں الخدمت فاؤنڈیشن کے زیراہتمام بنو قابل پروگرام کے داخلہ ٹیسٹ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، ڈاکٹر شکیل روشن، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر عبدالنعیم رند اور بنو قابل پروگرام بلوچستان کے طیب فرید خان نے بھی خطاب کیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بلوچستان کا حقیقی چہرہ دیکھنا ہے تو آج ایوب اسٹیڈیم آکر دیکھیں، مجھے آج یہاں روشن پاکستان نظر آرہا ہے، کوئٹہ کے بعد جعفر آباد اور گوادر میں بھی بنو قابل پروگرام لے کر جائیں گے، ہم معیاری اور مفت تعلیم کیلئے آواز بلند کریں گے، تعلیم کے فروغ کے لئے بھرپور جدوجہد کریں گے، حکومت آئی ٹی کی سرپرستی کرے تو ہمیں قرض کی ضرورت نہیں پڑے گی، ہم صوبے کے بچوں کو پڑھائیں گے بھی اور صوبے کے حقوق کی بات بھی کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## چمن بم دھماکے میں کئی گھرانوں کے چراغ گل ہو گئے، اے این پی

**ماضی کی طرح یہ شہدا بھی اپنے بچوں کیلئے دو وقت کی روزی کمانے کی تلاش میں نکلے تھے جو دہشتگردی کا شکار ہو گئے' اصغر خان اچکزئی**

**پشتون افغان ملت پر عرصہ حیات تنگ ہے' عوام کا اعتماد اداروں سے اٹھ چکا' شہداء کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو**

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے گزشتہ شب چمن ڈیورنڈ لائن کے قریب پارکنگ میں ہونے والے المناک دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم محنت کشوں کی شہادت دراصل پشتون سرزمین پر مسلط کردہ بدامنی کی کڑی ہے ماضی کی مانند یہ شہداء صرف اپنے بچوں کے رزق حلال کی کمائی اور دو وقت کی روزی کمانے کی تلاش میں نکلے تھے مگر دہشت گردی کے باعث ان کے گھروں کے چراغ بجھا دیے گئے اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ پشتون افغان ملت پر چارسو عرصہ حیات تنگ کر دیا......... 

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

گیا ہے روزگار کے دروازے بند ہیں رشتہ داریاں متاثر ہیں اور دہشت گردی کی روک تھام کے نام پر مسلط بدامنی نے پشتون افغان ملت کو مشکلات کے گرداب میں دھکیل دیا ہے ان حالات میں بحیثیت ایک پشتون افغان ملت ہم سب پر اتحاد و اتفاق لازم ہے انہوں نے کہا کہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں بلکہ عوام کا ان پر اعتماد بھی مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر لواحقین کو انصاف فراہم کرے اور مستقبل میں انہیں مکمل تحفظ فراہم کرنے کے لئے حقیقی بنیادوں پر ٹھوس اقدامات اٹھائے تاکہ آئندہ ایسے اندوہناک واقعات کا اعادہ سرزد نہ ہو عوامی نیشنل پارٹی دکھ درد کی اس گھڑی میں ان مظلوم خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے اور ہر فورم پر ان کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی اس موقع پر انہوں نے پارٹی کارکنوں کے ہمراہ شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 SEP 2025 Page No. 15

## خضدار، سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل کے گھر دستی بم سے حملہ، پانچ افراد زخمی

**زخمیوں میں تین محافظ بھی شامل، حملے کے وقت آغا شکیل درانی گھر پر موجود نہیں تھے**

خضدار (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار آغا شکیل احمد درانی کے گھر پر دستی بم سے حملہ تین محافظ سمیت پانچ افراد زخمی تفصیلات کے مطابق جمعہ کی شب ڈبل روڈ پر واقعہ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار آغا شکیل احمد درانی کے گھر پر نامعلوم افراد نے دستی بم سے حملہ کیا جس کے نتیجے میں تین محافظ سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے جنہیں ٹیچنگ اسپتال خضدار منتقل کیا گیا دھماکہ کے وقت آغا شکیل احمد درانی خود گھر پر موجود نہیں تھے۔

## تربت پہاڑی علاقے میں آپریشن جاری فتنہ الہندوستان کے مزید 4 دہشتگرد ہلاک

**کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، دہشت گرد سیکورٹی فورسز پر حملوں بھتہ خوری میں ملوث تھے، اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لے لیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا تربت دشت ایم 8 شاہراہ کے پہاڑی علاقے میں ٹارگنڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے مزید چار دہشت گرد ہلاک اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لے لیا مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز پر حملوں بھتہ خوری میں ملوث تھے سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کے قافلوں چیک پوسٹوں پر حملوں کی منصوبہ بندی کی ہے اور اس مقصد کیلئے تربت دشت ایم 8 شاہراہ کے پہاڑی علاقے میں موجود ہیں جس پر گزشتہ روز سیکورٹی فورسز نے ہمراہ ٹارگنڈ آپریشن کیا دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز پر شدید فائرنگ شروع کردی تاہم سیکورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہا۔ فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے چار دہشت گرد ہلاک ہوگئے فورسز نے دہشت گردوں کا اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لے لیا۔ ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز کے قافلوں اور چیک پوسٹوں پر حملوں شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ بھتہ خوری اغوا سمیت دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث تھے۔ سیکورٹی فورسز کا آپریشن جاری ہے۔

## ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ سمیت 16 گرفتار

**انسانی اسمگلنگ سے متعلق تصاویر، پیغامات برآمد، غیر ملکی کرنسی، موبائل فونز، لیپ ٹاپ قبضے میں لے لیا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ اور کمرشل بینکنگ سرکل کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ اور 14 افغان باشندوں سمیت 16 افراد کو گرفتار کر غیر ملکی کرنسی موبائل فونز لیپ ٹاپ قبضے میں لے لیا ایف آئی اے ذرائع کے مطابق ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ نے گزشتہ روز کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایجنٹ اسد اللہ اور 14 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزم اسد اللہ افغان باشندوں کی سمگلنگ میں ملوث بتایا جاتا ہے ملزم کے موبائل سے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ہونے سے متعلق تصاویر، پیغامات اور دیگر اہم ثبوت برآمد کر لئے گئے ہیں جبکہ ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل کوئٹہ نے کارروائی کرتے ہوئے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث 2 ملزمان علی خان اور محمد نقی کو کوئٹہ سے گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضے سے 6800 امریکی ڈالر، 21 لاکھ 10 ہزار روپے، لیپ ٹاپ اور موبائل فون برآمد کر کے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی ایکسچینج سے متعلق ریکارڈ قبضے میں لے لیا گیا ملزمان بغیر لائسنس کرنسی ایکسچینج کا کاروبار کر رہے تھے۔

## پنجگور: مسلح رہزنوں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (نامہ نگار) مسلح رہزنوں کی فائرنگ، ایک شخص زخمی، پنجگور کے علاقے ذنڈین داز وشبود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے شہزاد ولد علی محمد ساکن گرمکان سے ایگزیو گاڑی چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر فائرنگ کی گولی لگنے سے شہزاد زخمی ہوا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا مسلح افراد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## تربت سے 4 نامعلوم لاشیں برآمد، عوام میں خوف و ہراس

**پولیس نے شناخت و دیگر قانونی کارروائی کیلئے لاشیں ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیں، شہریوں کی بڑی تعداد ہسپتال پہنچ گئی**

**ہلاکت کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکیں، پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید حقائق سامنے آئیں گے، پولیس حکام**

تربت (یو این اے) تربت شہر سے چار افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد کی لاشیں فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دی گئی ہیں تاکہ ان کی شناخت اور دیگر قانونی کارروائی مکمل کی ......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

جا سکے۔ لاشوں کی برآمدگی کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد ہسپتال پہنچ گئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ ابتدائی طور پر ہلاکت کی وجوہات معلوم نہیں ہو سکیں تاہم پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد مزید حقائق سامنے آئیں گے۔

## کوئٹہ، پولیس کیساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 2 منشیات فروش ہلاک

**ہلاک ہونیوالے منشیات فروش جانان اور صالح پہلے بھی کئی بار جیل جا چکے تھے**

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ، فائرنگ میں 2 منشیات فروش ہلاک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے گنجان آباد علاقہ جناح روڈ پر پولیس اور منشیات فروشوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا فائرنگ ......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کے دوران 2 منشیات موقع پر ہلاک ہو گئے ہلاک منشیات فروشوں کی شناخت جانان اور صالح کے نام سے ہوئی واضح رہے کہ ہلاک ہونے والے منشیات فروش عادی مجرم تھے پہلے بھی کئی بار جیل جا چکے تھے۔ لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

## ژوب: مختلف مقدمات میں مطلوب شخص گرفتار

ژوب (یو این اے) ژوب پولیس اسٹیشن کے ایس ایچ او شیخ ایوب، روزی خان اور اے ٹی ایف کے جوانوں نے ایک اہم کارروائی کے دوران انتہائی مطلوب اشتہاری ولی خان ولد کیشتو خان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف قتل (302)، اقدام قتل (324) اور انسداد دہشتگردی ایکٹ (7ATA) کے مقدمات درج ہیں۔ ذرائع کے مطابق، ولی خان دو روز قبل ژوب نیو اڈہ کے قریب فائرنگ کے واقعہ میں ملوث تھا جس میں دو افراد زخمی ہوئے۔ اس کے علاوہ ملزم طویل عرصے سے روپوش تھا اور سی ٹی ڈی کی نظر میں بھی 7ATA کے تحت مطلوب تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ گرفتاری قانون کی بالادستی اور علاقے میں امن قائم کرنے میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 SEP 2025 Page No. 16

## دشت' نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

### مستونگ جاتے ہوئے نشانہ بنایا گیا' لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاشیں ہسپتال منتقل کر دیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دشت میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے لیویز کے مطابق مستونگ کے دو رہائشی دوست میر ولد حضور بخش اور تنویر احمد ولد ماسٹر منیر احمد گزشتہ شب موٹرسائیکل پر جا رہے تھے کہ نامعلوم موٹرسائیکل سوار فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے اطلاع ملنے پر لیویز نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں۔

## خروٹ آباد' فائرنگ سے رکشہ ڈرائیور ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خروٹ آباد میں رکشے میں سوار نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ڈرائیور کو ہلاک کر دیا پولیس کے مطابق کیچی بیگ کا رہائشی رکشہ ڈرائیور محمد عامر ولد محمد اسماعیل جمعہ کی شب سوار کو لے کر خروٹ اباد جا رہا تھا وہ جیسے ہی بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر

خروٹ اباد گلی میں پہنچا تو رکشے میں سوار نامعلوم افراد نے اس پر فائرنگ کر دی اور پیدل فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

## خاران: 2 افراد کو اغواء کرنے کے بعد گھر نذر آتش کر دیا گیا

### واقعہ برشوکی میں پیش آیا' مفتی ممتاز ساسولی کے اغواء کی تصدیق نہ ہو سکی

خاران (نامہ نگار) خاران میں نامعلوم افراد نے مفتی ممتاز ساسولی کے گھر پر حملہ کر دیا ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے خاران کے علاقے برشوکی میں مفتی ممتاز ساسولی کے گھر میں گھس کر حملہ کیا اور دو افراد کو اغواء کرنے کے بعد جاتے ہوئے گھر کو نذر آتش کیا آخری اطلاعات نے انتظامیہ اور خاندانی ذرائع نے یہ تصدیق نہیں کی کہ اغواء ہونے والوں میں مفتی ممتاز ساسولی بھی شامل ہیں یا نہیں۔

## پنجگور: گاڑی چھیننے کی واردات کے دوران نوجوان زخمی' ہسپتال منتقل

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے زنڈین داز میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق زنڈین داز دشبود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے شہزاد ولد علی محمد ساکن گرمکان سے گاڑی چھیننے کی کوشش کی اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا جسے طبی امداد کی غرض سے ہسپتال داخل کر دیا گیا۔

## سبی قومی شاہراہ' گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) سبی قومی شاہراہ این 65 لہڑی کے مقام پر نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ظفر اقبال نامی شخص زخمی ہو گیا زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

## منگچر' لیویز کی کارروائی' اشتہاری گرفتار

منگچر (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قلات کیپٹن (ر) جمیل بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد منگچر ڈاکٹر علی گل عمرانی کے احکامات پر ایس ایچ او لیویز تھانہ منگچر علی اصغر نیچاری کی سربراہی میں نائب محرر ضیاء اللہ لانگو و دیگر لیویز نفری کے ہمراہ کوئٹہ پولیس کے تعاون سے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری ملزم عبدالہادی کو گرفتار کر کے لیویز تھانہ خالق آباد منگچر منتقل کر دیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 20 SEP 2025 Page No/ 16

# موسم بدلنے کی شروعات میں ہی کوئٹہ میں گیس پریشر کم ہونا شروع ہوگیا

## گیس پریشر نہ ہونے کے باعث امور خانہ داری شدید متاثر، کئی علاقوں میں گیس ریگولیٹر خراب

### وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیکر گیس کی کمی کا مسئلہ حل کروائیں، مشرق سروے ٹیم سے مختار اچکزئی، دارو خان، عبدالباسط کی بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں موسم گرما کے اختتامی دن شروع ہوتے ہی مختلف علاقوں میں گیس پریشر میں کمی کے شکایات بڑھ گئے گیس پریشر نہ ہونے کے باعث امور خانہ داری شدید متاثر، کوئٹہ شہر کے اکثر علاقوں میں گیس ریگولیٹر خراب، پرانے زمانے کے بوسیدہ اور جام، جس کی وجہ سے بھی اکثر علاقوں میں گیس پریشر کا مسئلہ درپیش۔ ہے۔ گیس پریشر نہ ہونے کے باعث خواتین کو کھانا پکانے میں مشکلات کا سامنا، وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیکر گیس کی کمی دور کی جائے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے مختار اچکزئی، دارو خان، عبدالباسط۔ ودیگر نے بتایا ہے کہ سردیوں کی آمد ہے گرمیوں کا موسم ختم ہونے والا ہے شدید سردی میں گیس اپنے پریشر کیساتھ کوئٹہ کے شہریوں کی ضرورت ہےمگر امسال سردیاں آتے ہی گیس پریشر کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے نوجوان، بزرگ، بچے خواتین ودیگر لوگ سردی کی شدت سے ٹھٹھر ٹھٹھر ہوکر بیمار ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے انہیں ذہنی اذیت کا سامنا ہے، انہوں نے بتایا ہے کہ سردیوں میں گیس پریشر نہ ہونے کی وجہ سے اکثر بیشتر لوگ کمپریسر کا استعمال کرتا ہے جس کی وجہ سے بھی 100 میں 75 گھروں کے گیس پریشر متاثر ہوتی ہے جو تھوڑی بہت موبتی نما گیس آتی ہے وہ بھی کمپریسر کے چلنے سے متاثر ہوکر رہ جاتی ہے، انہوں سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے گیس پریشر جیسے پریشانی کو دور کرنے مطالبہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ تمام علاقوں کے ریگولیٹر تبدیل کرکے نئے ریگولیٹر فراہم کیا جائے تاکہ سردیوں کی آمد سے قبل گیس پریشر کا مسئلہ حل ہوسکے، شہریوں نے مزید۔ بتایا کہ اگر گیس ریگولیٹر تبدیل نہ کیا گیا اور بعض علاقوں گیس پریشر کی دور نہ کی گئی تو مختلف سیاسی جماعتوں کیساتھ ملاقات کرکے احتجاجی پلان تشکیل دیا جائے گا

INTEKHAB QUETTA

# حب کے سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی شدید کمی، تالے لگا دیئے گئے

### بچے روزانہ تیار ہوکر اسکول جاتے ہیں، تالہ دیکھ کر واپس آجاتے ہیں، حکومت نوٹس لے، والدین

سونمیانی ونڈر (نمائندہ انتخاب) محکمہ تعلیم بلوچستان کے دعوے کھوکھلے نعروں تک محدود ضلع حب میں گورنمنٹ اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کئی پرائمری اور مڈل اسکول بند ہونا شروع ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق وندر کے قریبی علاقے ہاشم انگاریہ گوٹھ میراں پیر کے گورنمنٹ پرائمری اسکول میں گزشتہ دو ہفتوں سے کوئی ٹیچر حاضر نہیں ہو رہا جس کے باعث اسکول کو تالا لگا کر بند کر دیا گیا ہے۔ بچے درجنوں معصوم طلبہ روزانہ اسکول آ کر دروازے پر لگا تالا دیکھ کر مایوسی کے عالم میں واپس گھروں کو لوٹ

بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

جاتے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اس اسکول میں 50 سے زائد بچے زیر تعلیم ہیں جو گزشتہ کئی برسوں سے مشکل حالات کے باوجود تعلیم حاصل کر رہے تھے مگر اب اساتذہ کی غیر حاضری اور سرکاری اداروں کی بے حسی نے ان کے خواب چکنا چور کر دیے

ہیں۔ والدین نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف حکومت بلوچستان تعلیم کے فروغ کے بڑے بڑے دعوے کرتی ہے دوسری جانب بنیادی تعلیمی ادارے ہی بغیر اساتذہ کے تالے لگنے پر مجبور ہیں۔ تحصیل سونمیانی وندر سمیت ضلع حب کے کئی اسکول اسی صورتحال سے دوچار ہیں جہاں کبھی اساتذہ کی مستقل غیر حاضری تو کبھی اسکول کی عمارتیں خستہ حالی کے سبب طلبہ کے لیے تعلیمی سفر کو ناممکن بنا دیتی ہیں۔ جس کی وجہ سے بچوں کا مستقبل اندھیروں میں ڈوبتا جا رہا ہے مگر محکمہ تعلیم کے حکام کسی قسم کی توجہ دینے کو تیار نہیں۔

CamScanner

# افغان مہاجرین کے انخلاء کے عمل کو شفاف، منظم اور باوقار انداز میں مکمل کیا جائے گا

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں افغان مہاجرین کے انخلاء کے عمل کو شفاف، منظم اور باوقار انداز میں مکمل کیا جائے گا، تاکہ کسی بھی فرد کی عزت نفس متاثر نہ ہو انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان وفاقی پالیسی کے تحت مہاجرین کے انخلاء پر عملدر آمد کرا رہی ہے اور اس ضمن میں اقوام متحدہ کے ادارہ برائے افغان مہاجرین سے قریبی رابطہ قائم اجلاس میں افغان مہاجرین کے انخلاء اور قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، آئی جی پولیس محمد طاہر، ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ، کمشنر افغان ریفوجیز بلوچستان ارباب طالب السولاسمیت، اعلیٰ حکام شریک ہوئے جبکہ ڈی آئی جی ژوب، ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او قلعہ عبداللہ و چمن نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے اجلاس کو افغان مہاجرین کے انخلاء اور سیکورٹی انتظامات سے متعلق بریفنگ دی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ انخلاء کے عمل میں خواتین، بزرگوں اور بچوں کا خصوصی خیال رکھا جائے اور کسی بھی مرحلے پر تحقیر آمیز رویہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ تضحیک آمیز رویوں کی شکایات موصول ہونے پر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ انخلاء کے دوران ہر ممکن تعاون اور معاونت فراہم کی جائے اور خواتین کی سہولت کے لئے عارضی بنیادوں پر فیمیل سیکورٹی اہلکاروں کی بھرتی کی جائے انخلاء کے دوران ہر ممکن تعاون اور معاونت فراہم کی جائے اور خواتین کی سہولت کے لئے عارضی بنیادوں پر فیمیل سیکورٹی اہلکاروں کی بھرتی کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح یہ ہے کہ انخلاء کا عمل انسانی وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل کیا جائے اجلاس میں قلعہ عبداللہ کی امن وامان کی صورتحال پر بھی تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ نے واضح ہدایات دیں کہ ضلع سے تمام جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ یقینی بنایا جائے لیویز اور پولیس کے دائرہ کار سے قطع نظر بلا امتیاز کارروائیاں کی جائیں حکومت کی اولین ترجیح یہ ہے کہ

انخلاء کا عمل انسانی وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل کیا جائے اجلاس میں قلعہ عبداللہ کی امن وامان کی صورتحال پر بھی تفصیلی غور کیا گیا وزیر اعلیٰ نے واضح ہدایات دیں کہ ضلع سے تمام جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ یقینی بنایا جائے لیویز اور پولیس کے دائرہ کار سے قطع نظر بلا امتیاز کارروائیاں کی جائیں اور کسی بھی جرائم پیشہ گروہ کو رعایت نہ دی جائے انہوں نے کہا کہ امن وامان کی بحالی کے لئے صوبائی حکومت تمام وسائل فراہم کرے گی وزیر اعلیٰ نے قلعہ عبداللہ کے ڈویژنل اور ضلعی انتظامی افسران کو بحالی امن کا خصوصی ٹاسک سونپتے ہوئے کہا کہ اس مقصد کے لئے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں اور روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کو ارسال کی جائے۔ جہاں انہوں نے شہید کیپٹن وقار خان کاکڑ کے گھر جا کر لواحقین سے دلی تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ نے کیپٹن وقار شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کی حفاظت میں جان نچھاور کرنے والے سپوت قوم کے ہیرو ہیں جن کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے 28 ہزار سے زائد نوجوان اس وقت پاک فوج میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، جو صوبے کے عوام کے جذبہ حب الوطنی اور مادر وطن سے والہانہ عقیدت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھرتی پر جان قربان کرنے والے بہادر سپوتوں کے مقدس خون کے ہم سب مقروض ہیں میر سرفراز بگٹی نے یقین دلایا کہ شہداء کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی بلوچستان کے 28 ہزار سے زائد نوجوان اس وقت پاک فوج میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، جو صوبے کے عوام کے جذبہ حب الوطنی اور مادر وطن سے والہانہ عقیدت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھرتی پر جان قربان کرنے والے بہادر سپوتوں کے مقدس خون کے ہم سب مقروض ہیں میر سرفراز بگٹی نے یقین دلایا کہ شہداء کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی، دشمن کو ان کے مقدس خون کے ہر قطرے کا حساب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا حکومت کے دروازے ان کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں اور وہ عزت و تکریم کے مستحق ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہداء نے آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، انہی کی بدولت آج وطن کے باسی آزاد اور پرامن زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید زندہ ہوتے ہیں، اور شہداء کے لواحقین کو خراج عقیدت اور سلام پیش کرنا ہم سب کی قومی و اخلاقی ذمہ داری ہے اس موقع پر صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، مشیران، قبائلی عمائدین اور اعلیٰ حکام بھی موجود تھے جنہوں نے شہید کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

CamScanner

# عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح!

صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو نے گذشتہ روز صحافیوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ہم اپنے حلف کے پابند ہیں۔عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے۔اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔عوام کو ریونیو دفاتر میں درپیش مشکلات ختم کرنے کے لیے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے۔عوامی مسائل کے حل کے لیے ون ونڈو سروس سینٹرز قائم کیے جارہے ہیں تاکہ لوگ بآسانی اپنی زمینوں اور جائیدادوں کا ریکارڈ حاصل کرسکیں۔ریونیو کے نظام میں شفافیت لانا حکومت کی ترجیح ہے اور کرپشن میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ زمینوں کے تنازعات حل کرنے کے لیے خصوصی ٹریبونلز قائم کیے جارہے ہیں تاکہ عوام کو انصاف مل سکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیر ریونیو بلوچستان میر عاصم کرد گیلو کا مذکورہ بیان بڑی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس وقت عوام کو اس سلسلے میں مشکلات درپیش ہیں خصوصاً زمینوں اور جائیداد کے معاملات میں بعض اوقات بڑی پیچیدگیاں پیدا کردی جاتی ہیں جس سے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔تحصیل کے آفس میں جائیداد کے فروخت اور دوسرے نام پر منتقلی کے دوران بعض اوقات پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں جس کے لیے عوام کو کئی کئی بار دفاتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں کیونکہ دفتر کا عملہ مبینہ طور پر ان کے ساتھ تعاون نہیں کرتا جس کی واقفیت ہو اس کا کام جلد ہوجاتا ہے جبکہ دوسری جانب عام آدمی کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جہاں تک ریونیو دفاتر میں عوام کو درپیش مشکلات ختم کرنے کے لیے ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے اور ون ونڈو سروس سنٹرز قائم کرنے کی بات ہے تو یہ بلاشبہ ایک اچھا اقدام ہے اس سے نظام میں بہتری آئے گی اور اس طرح عوام کو مشکلات بھی پیش نہیں آئیں گے۔ان تمام معاملات کو حل کرنے کے لیے صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو کو اوپر دیئے گئے اپنے بیان جس میں انہوں نے ریونیو نظام میں شفافیت لانے کو حکومت کی اولین ترجیح دی ہے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔اس مقصد کے لیے کرپشن کو روکنا اور اس میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کاروائی کرنی چاہیے جو کہ نظام کی بہتری کے لیے بہت ہی اہم ہے۔جب تک ایسا نہیں کیا گیا نظام بہتر نہیں ہوسکتا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 20 SEP 2025 Page No. 12


## بلوچستان کی ترقی: اقتصادی رابطہ کمیٹی کا مستحسن فیصلہ، امید کی کرن !!

گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے جو اجلاس کی صدارت کر رہے تھے دوٹوک عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے معاشی منظر نامے کو بدلنے اور عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی آئے گی۔ ای سی سی نے جن اہم فیصلوں کی منظوری دی ہے اور جن امور پر غور کیا ہے اس کی تفصیلات و جزئیات میں جانے سے قبل اس رائے کا اظہار ضروری ہے کہ وسائل اور مواقع سے مالامال ہونے کے باوجود ماضی میں نے بہتر منصوبہ بندی نہیں کی جس کی وجہ سے مسائل کا جنم ہوا اور رفتہ رفتہ چھوٹے چھوٹے مسائل بھی بڑھ کر گھمبیر و سنگین رخ اختیار کر گئے۔ ان مسائل سے نمٹنے اور ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے موجودہ حکومت غیر معمولی اقدامات اٹھا رہی ہے حکومت نے اقتصادی و ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے غیر معمولی اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا جو سلسلہ جاری رکھا ہے اس سے نہ صرف معیشت کو استحکام حاصل ہوگا بلکہ معیشت و معاشرت کو درپیش بہت سے مسائل اپنے آپ ختم ہو جائیں گے۔ وزیر خزانہ نے دوٹوک انداز میں مسائل کے حل کے لئے اقدامات کا عزم ظاہر کیا ہے ان کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق اہم معاہدوں کی منظوری اور متعلقہ مالیاتی امور پر غور کیا گیا۔ ای سی سی کے اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہم امید کرتے ہیں کہ آنے والے برسوں میں نہ صرف بلوچستان میں تعمیر و ترقی کا سفر تیز ہوگا بلکہ معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ ریکوڈک منصوبہ دنیا کے سب سے بڑے تانبے اور سونے کے ذخائر میں سے ایک ہے یہ منصوبہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لئے ایک سنہری موقع ہے جس سے عالمی سطح پر معدنیات کی تجارت میں پاکستان کا حصہ بڑھ سکتا ہے۔ ریکوڈک کے ذریعے بلوچستان کے معدنی وسائل کا بھرپور استعمال، نہ صرف صوبے کی معیشت کو فروغ دے گا بلکہ عوام کے لئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ای سی سی کے اجلاس میں ریکوڈک منصوبے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے معاشی منظر نامے کو بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، بلکہ پاکستان کے عوام کے لئے وسیع تر فوائد پیدا کرے گا۔ اس منصوبے سے طویل المدتی سماجی و اقتصادی خوشحالی کی توقع ہے اور یہ ملک کی معیشت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ای سی سی کی جانب سے اس منصوبے کی فنانسنگ سے متعلق حتمی معاہدوں اور مالی ذمہ داریوں کی منظوری کا فیصلہ اس بات کا غماز ہے کہ حکومت اس تاریخی منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے پرعزم ہے۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کی سمری کی منظوری کے ساتھ ساتھ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ اگر معاہدوں کی حتمی دستاویزات میں کوئی بنیادی تبدیلی سامنے آتی ہے، تو انہیں دوبارہ ای سی سی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ حکومت کی طرف سے ایک مضبوط عزم کا اظہار ہے کہ ریکوڈک جیسے اہم منصوبے کو عملی شکل دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے صوبے اور ملک کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی اور یہ خطے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا ریکوڈک منصوبے کے ساتھ بلوچستان میں ترقی کی ایک نئی لہر آنے کی توقع ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل کے بھرپور استفادے کا موقع فراہم کرتا ہے، بلکہ اس کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی بہتری آئے گی اس کے علاوہ، اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں دیگر اقتصادی سرگرمیاں بھی فروغ پائیں گی، جیسے کہ صنعتوں کا قیام، ہنر مند افراد کی تربیت اور ماہر فنی افرادی قوت کی ترقی وزیر۔ اجلاس میں وزارتِ ریلوے کی سمری پر بھی غور کیا گیا جس میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے ساتھ ریلوے ڈیولپمنٹ ایگریمنٹ اور برج فنانسنگ ایگریمنٹ شامل تھے۔ ان معاہدوں کے تحت 390 ملین امریکی ڈالر کی برج فنانسنگ فراہم کی جائے گی تاکہ بلوچستان کی کانوں سے برآمدی مواد کی ترسیل کے لئے 1350 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک بچھایا جا سکے۔ ای سی سی نے اس تجویز کی منظوری دیتے ہوئے وزارت ریلوے کو ہدایت کی کہ دونوں معاہدوں کی دستاویزات وزارت خزانہ کے ساتھ شیئر کی جائیں تاکہ ان کا تفصیلی جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے علاوہ، وزارتِ ریلوے اور وزارت خزانہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ مارچ 2026ء تک منصوبے کی پیش رفت اور عمل درآمد سے متعلق رپورٹ ای سی سی میں پیش کریں۔ ریلوے کی ترقی نہ صرف اس منصوبے کی کامیابی کے لئے اہم ہے، بلکہ یہ بلوچستان کے عوام کے لئے ترقی کے نئے راستے کھولے گی۔ جدید اور موثر ٹرانسپورٹ سسٹم کی تعمیر سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا، بلکہ بلوچستان کے اندرونی علاقوں تک رسائی بھی بہتر ہوگی، جس سے صوبے کے معاشی استحکام میں مزید بہتری آئے گی۔ موجودہ حکومت بلوچستان کی ترقی کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے اور ریکوڈک منصوبہ اس کا اہم جزو ہے۔ حکومت نے اس منصوبے کے حوالے سے جو اقدامات اٹھائے ہیں، وہ اس بات کا غماز ہیں کہ حکومت بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے نہ صرف سنجیدہ ہے بلکہ بہترین حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ یہ کہنا بے جا نہیں ہوگا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان کی ترقی کے لئے جو اقدامات کئے ہیں، ان سے صوبے کی معیشت میں نمایاں تبدیلی آئے گی۔ ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کے بعد بلوچستان کے لوگ اپنے معاشی اور سماجی حالات میں بہتری دیکھیں گے۔ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان کے لئے، بلکہ پورے پاکستان کے لئے خوشحال مستقبل کی نوید ثابت ہوگا ای سی سی نے بلوچستان کے عوام کے لئے ایک روشن اور تابناک مستقبل کی راہ ہموار کرنے کے فیصلے کی منظوری دی ہے اور ہمیں یقین ہے کہ موجودہ حکومت کی حکمت عملی اور ریکوڈک منصوبے کی کامیاب تکمیل سے بلوچستان میں معاشی ترقی کی ایک نئی لہر آئے گی، جو نہ صرف صوبے کی معیشت کو مستحکم کرے گی بلکہ ملک کے اقتصادی منظر نامے میں بھی اہم تبدیلی لائے گی۔ نیز ہمیں امید ہے کہ یہ منصوبہ نہ صرف معدنی وسائل سے بھرپور استفادے کے مواقع فراہم کرے گا بلکہ تیز رفتار ترقی کی راہ بھی ہموار کرے گا۔ حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات بلوچستان کے عوام کے لئے ایک خوشحال مستقبل کی ضمانت ہیں اور ہم اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ بلوچستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

ullet No.

Dated: 20 SEP 2025 Page No.




صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی اور راحیلہ حمید درانی یو ایف سی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سیاسی وسماجی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner